10284- صحراء میں ملنے والی بکری کا کیا کرے

سوال

مجھے صحراء میں ایک گمشدہ بکری ملی ہے میں اس کا کیا کروں خاص طور پر جب میں اس کا مالک ملنے تک اسے رکھوں تو مجھے اس کے چارے وغیرہ کا خرچہ کرنا پڑے گا اور یہ بھی ہوسکتا ہے اس کا مالک ملے ہی نہ ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ

جب کسی کو گمشدہ بکری ملے تو بہتر یہ ہے کہ وہ
اس کی قیمت کا اندازہ لگا کر اسے ذبح کر کے کھالے ، یا پھر اسے بیچ کر اس کی قیمت اپنے
پاس محفوظ کرلے ، یا پھر اسے پہچان کی مدت تک اپنے پاس رکھے ۔

گمشدہ بکری کو نہ پکڑنا اور اسے ویسے ہی چھوڑ دینا اسے ہلاک کرنے کے مترادف ہے ،
اگر تو اس کا مالک آجائے وہ اسے واپس لے جائے گا یا پھر اس کی قیمت حاصل کرلے گا
اور اگر مالک نہیں آتا تو وہ بکری اسی کی ہے جس نے اسے پکڑا ہو ۔ .